ا۔پطرس 16-10:1 | مزمور 97

## مقدس مرقس 31-28:10

## اپنے سارے چال چلن میں پاک ہو۔1۔پطرس 15:1

آج کارنیویل تہوار کا آخری روز ہے ۔ہم اس لفظ کو بخشش کے طور پر لیتے ہیں۔آج بھی آسمانی باپ ہمیں اپنے فرزند دیکھنا چاہتا ہے ۔یہ واقعی ایک خوبصورت اَور اچھی بات ہے ۔ہم اِس وقت کو اپنے بچوں کے ساتھ کھیلنے اَور اپنے بزرگوں کے ساتھ گانے میں گزاریں گے۔اَور سادگی اَور پاکیزگی کے ساتھ ہم اپنی برادرانہ خوشی کا لطف اُٹھائیں گے۔

یوئیل 2: 12۔18
مزمور 50

2 قرنتیوں 5:20، 6:2
مقدس متی 6:1۔6، 16۔18

## خُداوند اپنے خُدا کی طرف متوجہ ہو کیونکہ وہ رحیم اَور مہربان ہے۔
## یوئیل 2:13

بالکل ایسا ہی ہے۔ جب خُداوند رحیم اَور مہربان ہے۔ تو پھر روزوں کے اِن ایام میں ہم خود تبدیلی کی راہ پر گامزن ہوتے ہیں۔ اِس لئے نہیں کہ ہمیں اُس کی سزا کا ڈر ہے۔ بلکہ اِس لئے کہ وہ ہمیں بے حد پیار کرتا ہے۔ اَور ہم پشیمان ہیں کہ ہم اُس کے پیار کا جواب خاطر خواہ طریقے سے نہیں دیتے۔ جو سزا ہم سمجھتے ہیں کہ اُس کی طرف سے آتی ہے۔ دراصل وہ کسی حد تک ہمارے غلط چناؤ کا نتیجہ ہوتی ہے۔

مزمور 1

تثنیہ شرع 15:30۔20

## مقدس لوقا 22:9۔25

## ابنِ آدم کو بڑی مصیبت سے گزرنا ہوگا۔ مقدس لوقا 22:9

کل ہم نے روزوں کے ایام کا آغاز کیا ہے۔ ہم پختہ ارادے کے ساتھ باپ کے پاس لوٹنا چاہتے ہیں۔ کیونکہ وہ صرف اَور صرف محبت ہے۔ اَے پیارے یسوعؔ تیرا شُکر ہو۔ تو ہمارے لئے اِس شاندار سفر کو ممکن بناتا ہے۔ ہماری زندگی کے پودے کو برباد کرنے والی خودغرضی سے چھٹکارہ دلانے والے آپ ہی ہیں۔ تُو آج بھی ہمارے ساتھ اَور ہمارے باطن میں انہی دُکھوں کو سہتا ہے۔ میں یہی کہوں گا کہ ہر دُکھ کے لئے ''تیرا شُکر ہو''۔ یہ ایک ایسی دوا ہے جو تیرے ہاتھوں کی محبت اَور حکمت سے بھرپور ہے۔ تو مجھے پاشکا کی خوشیوں کی طرف لے جائے گا۔

## مقدس کیسمیر

اشعیا 58:1۔9 مزمور 50

## مقدس متی 9:14۔15

**تب تیری روشنی صبح کی مانند پھُوٹے گی اَور تیری صحت جلد ظاہر ہوگی۔**

**اشعیا 58:8**

اپنی غربت کے ساتھ اَور اپنی روزمرہ ذمہ داریوں کو نبھانے کے لئے اُس کی روشنی پانے کی ضرورت کے تحت ہمیں خُدا کے حضور آنا ہے۔۔ ہم اُس کے زخم خوردہ اَور اپنی زندگی میں کمزور اُس کے فرزند ہیں۔ آج دُنیا ہمیں مداوا پیش کرتی ہے۔ یہ غیر معمولی قربانیوں یا ترک کرنے پر مشتمل نہیں ہے۔ وہ تکبر کا جال بن سکتی ہیں۔ اِس کا علاج یہ ہے کہ ہم اپنے بھائی کی محبت میں جھک جائیں۔۔ وہ ہماری مانند غریب ہے۔ وہ ہماری طرح ضرورت مند ہے۔ ہمارا خُدا جو ہم سب کا باپ ہے۔ وہ مطمئن ہوتا اَور ہمارے قریب آتا ہے۔

اشعیا 58:9۔14　　　　مزمور 85

## مقدس لوقا 5:27۔32

**مَیں راستبازوں کو نہیں بلکہ گنہگاروں کو بُلانے آیا ہُوں۔ مقدس لوقا 5:32**

خُداوند یسوعؑ مسیح کا یہ کلام بہت خوبصورت اَور تسلی بخش ہے۔ پھر بھی میرے لئے یہ تسلیم کرنا بہت مشکل ہے کہ میں ایک گنہگار ہُوں۔ اَور پھر بھی میں اپنے آپ کو راستباز محسوس کرنے اَور خود کو دوسروں پر ظاہر کرنے کی کوشش میں لگا رہتا ہُوں۔

کیا مَیں چاہتا ہُوں کہ خُداوند یسوعؑ مسیح مجھے بُلائے؟ کیا مَیں اُس کے قریب رہنا چاہتا ہُوں؟ ہاں پیارے یسوعؑ، مَیں واقعی تجھ سے ایسی معافی کا طلبگار ہُوں جو میری تجدید کرے۔ کیونکہ میری محبت تیرے اَور اپنے بہن بھائیوں کے لئے کمزور ہے مجھے اپنا فضل عطا کر تاکہ میں بھی تیری طرح دوسروں کو پیار کرسکوں۔

تثنیہ شرع 26:4۔10 مزمور 90

رومیوں 10:8۔13 مقدس لوقا 4:1۔13

## اگر تو خُدا کا بیٹا ہے تو کہہ۔۔۔مقدس لوقا 4:3

بیابان میں شیطان چاہتا تھا کہ یسوعؔ بیٹے اَور باپ کے درمیان اپنے رشتے کو قائم رکھنا چھوڑ دے۔تاہم یسوعؔ نے اپنے باپ کی طرف سے دیئے گئے کلام کو اپنے دل میں محفوظ رکھا۔ہم اپنے روزوں کے سفر میں اِس کلام کو زندہ رکھیں گے۔یہ ہمیں آسمانی باپ کے سچے فرزندوں کے طور پر ڈھال دے گا۔جو اُسے پیار کرنے کے لئے آمادہ اَور خوش ہوں۔اَور اُسے ہمیں پیار کرنے کا موقعہ دیں۔اَور اِس کے بدلے میں وہ ہمیں پیار کرے۔

مقدسہ پرپیتوا، مقدسہ فلستی

احبار 1:19-2،11-18 | مزمور 18

## مقدس متی 25:31-46

## تم پاک ہو جاؤ کیونکہ میں خُداوند تمہارا خُدا پاک ہُوں۔احبار 2:19

خُدا محبت ہے۔ اُس کی پاکیزگی سب کے ساتھ اُس کی محبت کی مضبوطی، ثابت قدمی اَور وفاداری پر مشتمل ہے۔ ہماری پاکیزگی بھی وہی خصوصیات رکھتی ہے۔ یہ بُرائی سے بچنے کے لئے نہیں بلکہ محبت کرتے رہنا ہے۔ کیونکہ خُدا کی زندگی جو ہم میں یعنی اُس کے فرزندوں میں موجود ہونی چاہیئے۔ کیونکہ وہ زمانوں کے آخر پر کہہ سکے گا'' کہ میں بھوکا تھا۔اَور تم نے مجھے کھانے کو دیا''۔

# خدا کا مقدس جان

اشعیا 55:10-11 مزمور 33

## مقدس متی 6:7-15

## جب تم دُعا کرتے ہو تو غیر قوموں کے لوگوں کی طرح بک بک نہ کرو۔

## مقدس متی 6:7

اے باپ، تو بڑی حد تک ہمارے ماں باپ کی طرح لگتا ہے۔ وہ محسوس کرتے ہیں کہ اُن کے بچے اُن سے پیار کرتے ہیں۔ جب اُن کے بچے اُن کی دانشمندانہ اَور شفقت بھری نصیحت قبول کرتے ہیں۔ نہ کہ جب وہ اُن سے میٹھے میٹھے الفاظ بولتے ہیں۔ اے باپ میں ہر روز دُعا میں جو وقت تجھے دیتا ہوں یہ انمول ہے۔ اے باپ میں اپنی فرمانبرداری تجھے پیش کرتا ہوں۔ اور ہمیشہ کرتا رہوں گا۔

# روم کا مقدس فرانسس

یونس 3:1-10 مزمور 50

مقدس لوقا 11:29-32

## شاید خُدا اپنا ارادہ بدلے اَور پچھتائے۔ یونس 3:9

نینوا ایک غیر قوم قصبہ تھا۔ جسے خُدا کے نبی نے پیغام پہنچایا تو اُنہوں نے توبہ کرلی۔ ہمیں اُمید ہے کہ جو لوگ معاشرے کی بقا لئے اِس کی رہنمائی کرتے ہیں وہ خُداوند کی اطاعت کرنے اَور اُس سے دُعا کرنے سے شرماتے نہیں۔ وہ ہماری غلطیوں پر شرمندہ نہیں ہوگا۔ وہ دوبارہ ہمارے درمیان سکونت کرے گا اَور ہمیں برکت دے گا۔

آستیر 14:1،3-5،12-14 مزمور 137

مقدس متی 7:7-12

## اے خُداوند تیرے سوائے میری کوئی مدد نہیں۔ استیر 17:4

ملکہ استیر جس نے اپنی جان خطرے میں ڈالی تاکہ اپنے لوگوں کو بادشاہ کے فرمان کے ذریعے تباہ ہونے سے بچائے۔وہ اپنے آپ کو خُداوند کی سپردگی میں دے دیتی ہےَ۔اَور اپنا ایمان اُس پر رکھتی ہےَ۔ہم میں سے ہر کوئی ایسے حالات سے گزرا ہےَ۔ جب ہم نے خود کو بے بس محسوس کیا۔اَور ہم نے نجات کے منفرد لنگر یعنی خُدا کی طرف دیکھا وہ لمحات ہمیں عاجزی کے ساتھ متحدر ہنے،اور اُسکی وفادار محبت پر بھروسہ کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

حزقیال 18:21-28

مزمور 129

## مقدس متی 5:20-26

## جو کوئی اپنے بھائی پر غصے ہو۔ مقدس متی 5:22

آپ فیصلے کے ذمہ دار ہونگے وہ "عدالت میں سزا کے لائق ہوگا"۔ یسوعؔ بُرائی کی جڑیں کاٹنے کے لئے نیچے اُترا۔ وہ انتظار کئے بغیر ایک بڑے کام کو انجام دیتا ہے۔ مثلاً قتل، غصہ محسوس کرنا ان جڑوں میں سے ایک ہے۔ میں روح القدس سے مدد مانگتا ہوں کہ میں اپنے غصے کو جڑ سے اُکھاڑ سکوں اس طرح میں اپنے بھائی کی زندگی کو اپنے ہاتھوں، اپنے الفاظ یا اپنے خیالات سے خراب نہیں کرونگا۔ اس کے برعکس میں اُسکی حمایت کرونگا، اسے ترجیح دونگا اور اُسکے ساتھ بھلائی کرونگا۔

تثنیہ شرع 19-16:26

مزمور 118

مقدس متی 48-43:5

## وہ اپنے سورج کو بدوں اور نیکوں پر طلوع کرتا ہے۔ مقدس متی 45:5

یسوؔع ہمیں بتا تا ہے کہ باپ کی محبت کامل ہے۔ یعنی اِس محبت کی کوئی حد نہیں۔ یہ بُرائی یا انکار سے متاثر نہیں ہوتی۔ یسوؔع اِس حقیقت کو سورج کی خوبصورت مثال سے پیش کرتے ہیں۔ سورج ہر ایک پر یکساں چمکتا ہے۔ اے روح القدس آج مجھ میں الٰہی محبت کا سورج بن۔ جو اپنی روشنی سے کسی کو محروم نہیں رکھتا۔

تکوین 15:5-12,17-18 مزمور 26

فلپیوں 3:17-4:1 مقدس لوقا 9:28-36

## جب آواز آئی تو یسوعؑ اکیلا پایا گیا۔ مقدس لوقا 9:36

تین رسول جو یسوعؑ کے ساتھ پہاڑ پر گئے تھے اُنہوں نے اُس کے جلال پر غور کیا۔ باپ نے خود کہا "تم اُس کی سنو"۔ یہ صرف ایک لمحہ کی بات تھی۔ اب یسوعؑ اُن کے ساتھ اکیلا رہ گیا تھا۔ یسوعؑ حلیم اور فروتن جو جلد ہی بڑے آدمیوں سے رد کیا جائے گا۔ وہ اُس پر فتویٰ دیں گے اور صلیب پر کیلوں سے جڑیں گے۔ دیکھنے اور سننے کے بعد شاگرد اُس پر بھروسہ رکھنے میں آگے بڑھ سکتے تھے۔ وہ اُس پر ایمان لائے۔ اسی طرح ہمیں بھی ایمان میں تقویت مل سکتی ہے۔

دانیال 9:4-10
مزمور 78

مقدس لوقا 6:36-38

**اے خُداوند، تُو اپنے مُطیع محبت رکھنے والوں کے لئے اپنے عہد و رحم کو قائم رکھتا ہے۔ دانیال 9:4**

تاریخِ نجات پاک نوشتوں اَور خُدا کے اقدامات سے لکھی ہوئی ہے۔ جس میں خُدا ایک عہد کے بعد عہد پیش کرتا ہے۔ جو خُدا سے کبھی وفادار نہیں رہ سکتے۔ ہم یہاں محبت کا کمال دیکھتے ہیں۔ اے پیارے یسوعؔ، ابن خُدا، تیرا خُون جو صلیب پر بہایا گیا۔ اَور ہر نافرمانی کو مٹا ڈالتا ہے۔ اَور وقتاً فوقتاً ہمیں باپ کی گود میں واپس لاتا ہے۔ اَے خُداوند تیری محبت ابدی ہے۔

اشعیا 20-16,10:1 مزمور 49

## مقدس متی 12-1:23

## لیکن اُن کے سے کام نہ کرو۔ مقدس متی 3:23

ایک مثال الفاظ سے زیادہ قائل کرتی اور رہنمائی کرتی ہے۔ بدقسمتی سے یہ ایک بُرے نمونے کے لئے بھی سچ ہے۔ میں صرف یسوؔع ہی پر نگاہ رکھوں گا۔ اُس کی زندگی، اُس کے کام میری رہنمائی کریں گے۔ وہ آدمی جن کی کمزوری کے ذریعے وہ مجھ سے کلام کرتا ہے۔ یہ اُس کی آواز کا احاطہ نہیں کرتی۔ اور میں کسی کی راہ کے لئے رکاوٹ کا باعث نہیں بنوں گا۔

تکوین 20-18:18　　مزمور30

## مقدس متی 28-17:20

## جو تم میں بڑا ہونا چاہے۔ وہ تمہارا خادم ہو۔ مقدس متی 26:20

جو تکبر سے بڑا ہونا چاہے وہ کبھی خدمت نہیں شروع کرے گا۔ یسوعؔ کے الفاظ میں محبت کی عظمت وہی ہے جو وہ یروشلیم میں صلیب پر ظاہر کرنے کو ہے۔ ہم میں سے ہر ایک کے لئے باپ نے اجر پہلے ہی تیار کیا ہوا ہے۔

# مقدس پیٹرک

ارمیا 17:5-10
مزمور 1

## مقدس لوقا 16:19-31

## مبارک ہے وہ آدمی جو خُداوند پر بھروسہ رکھتا ہے۔ ارمیا 17:7

اے خُداوند تیرا شکر ہو۔ تیری بھلائی لامحدود ہے۔ اَور تیرے اس کلام کے لئے بھی تیرا شکر ہو۔ ہم تیرے کلام کو ایک انمول موتی کی طرح اپنے دل میں رکھتے ہیں۔ یہ ہمارے لئے تیری محبت کا تحفہ ہے۔ جس چیز کی ہم خواہش کرتے ہیں تو اِس سے اپنی برکات کو جوڑ دیتا ہے۔ ہمارے اچھے کاموں کی بدولت نہیں، بلکہ ہمیں تجھ پر بھروسہ ہے۔ کیونکہ تو ہمیں اپنے فرزندوں کی طرح پیار کرتا ہے۔ اَور مشکل حالات میں بھی ہمیشہ ہمارا خیال رکھتا ہے۔

# یروشلم کا مقدس سرل

تکوین 37:3-4,12-13,17-28 مزمور 104

مقدس متی 21:33-43,45-46

**وارث یہی ہے۔ آؤ اسے قتل کردیں۔ مقدس متی 21:38**

باپ کی بھلائی واقعی عظیم ہے۔ وہ ان اجارہ داروں کی بدی سے واقف تھا۔ پھر بھی اُس نے اپنے بیٹے کو اُن کے پاس بھیج دیا۔ وہ میری پیدائش سے پہلے میری کمزوری سے بھی واقف تھا۔ پھر بھی وہ مجھے اپنی محبت کی آغوش میں لینے اور مجھے توبہ کے لئے نئے مواقع دینے سے گریز نہیں کرتا۔ کوئی بھی چیز اُس کی محبت کو ختم نہیں کرسکتی۔ اُس کی محبت کو دیکھ کر میرے باطن میں کوئی چیز مجھے روک نہیں سکتی۔

## مقدس یوسفؑ مقدسہ مریمؑ کنواری کے شوہر کی عید

2 سموئیل 7:4-5،12-14،16    مزمور 88    رومیوں 16:13،16-18،22

مقدس متی 1:16،18-21،24 یا مقدس لوقا 2:41-51

### اُس سے بیٹا ہوگا اَور تُو اُس کا نام یسوعؑ رکھنا۔ مقدس متی 1:21

باپ رفتہ رفتہ اپنے نجات کے منصوبے کا انجام دیتا چلا آ رہا ہے۔ اِس منصوبے میں اُس کو آپ جیسے یوسفؑ کی ضرورت ہے۔ اُس نے آپ کو خاص انسانی خوبیوں کی وجہ سے نہیں بلکہ تجھے تیری عاجزی کی وجہ سے پسند کیا ہے۔ اَے مقدس یُوسف تو نے کنواری مریمؑ میں اُس کی محبت کو قبول کیا اَور اُس کی خدمت کی ہے تو پس منظر میں رہتے ہوئے اَور اپنی زندگی کو ایک تحفہ بناتے ہوئے تعاون کرنے کے لئے تیار تھا۔ تُو ہر باپ کے لئے ایک حقیقی نمونہ اَور سچی محبت ہے۔ تیرا شکر ہو۔

خروج 3:1-8,13-15 مزمور 102

1۔قرنتیوں 10:1-6,10-12 مقدس لوقا 13:1-9

## اگر تم توبہ نہ کرو تو سب اسی طرح ہلاک ہو گے۔مقدس لوقا 5:13

میں ایسے لوگوں کو جانتا ہوں جو یسوعؔ کو اپنے دل میں قبول کرنے کے بعد جاننے لگے کہ کس طرح جینا اَور مرنا ''مبارک'' ہے۔اے پیارے یسوعؔ تو ہمیشہ میرے دل میں رہ لو۔ میں مر کر بھی زندہ رہوں گا۔حتیٰ کہ اُس موت کو بھی جی لوں جس سے ہر روز میرا واسطہ پڑتا ہے۔ایک فضل کے طور پر، اِس غریب دُنیا سے نکل کر باپ کے دل تک جو محبت سے معمور اور نور سے منور ہے۔

2 ملوک 5:1-15 　　　　مزمور 41-42

مقدس لوقا 4:24-30

## کوئی نبی اپنے وطن میں مقبول نہیں ہوتا۔ مقدس لوقا 4:24

کسی کے بارے میں رائے دینا بہت آسان ہوتا ہے۔ خاص کر اُس وقت جب ہم کسی شخص کو جانتے ہیں یا خیال کرتے ہیں کہ ہم اُسے جانتے ہیں۔ تب ہم بڑے یقین کے ساتھ محسوس کرنے لگتے ہیں اور ہم سننے کا رویہ رکھنے میں ناکام ہوتے ہیں۔ ناصرت کے لوگوں کا بھی یہی رویہ تھا۔ اَور انہوں نے ایک خوبصورت تحفہ کو رد کر دیا۔

اَے پیارے یسوعؔ تو باپ کا تحفہ ہے۔ مجھے عاجزی بخش کہ میں بھی تیری طرح دوسروں کو محبت سے قبول کر سکوں۔

دانیال 3:25,34-43
مزمور 24

## مقدس متی 18:21-35

## اُس کے آقا نے ترس کھا کر اُسے چھوڑ دیا اور قرض اُسے بخش دیا۔

## مقدس متی 18:27

خُداوند یسوعؔ مسیح کی اِس تمثیل سے ہم سب جانتے ہیں کہ اُس غلام نے اپنے آقا کے پاس بے حساب قرض جمع کر لیا تھا۔ اُس کی منت کی وجہ سے خُداوند کو نہ صرف اُس پر ترس آیا بلکہ اُسے بہت بڑا قرض بھی معاف کر دیا۔ آئیں یقین کریں کہ ہماری دُعا بھی غلام کی منت کی طرح ہے اَور روزوں کے ان ایام میں ہم اپنی دُعا سے وفادار رہنا چاہتے ہیں۔ ہماری دُعا ہمارے اپنے لئے اَور آسمانی باپ کے بہت سے دوسرے فرزندوں کے لئے خُدا کا ترس حاصل کرنے کا سبب ہو گی۔

تثنیہ شرع 4:1، 5-9

مزمور 147

مقدس متی 5:17-19

**خُدا ہر ایک بات میں جو ہم اُس سے مانگتے ہیں نزدیک ہے۔ تثنیہ شرع 4:7**

یہ خُدا کا کلام ہے۔ یہ سچائی ہے۔ اِس وجہ سے ہم دُعا کو پسند کرتے ہیں۔ یہ ہمارے دِل سے صرف ایک چھوٹی سی پکار ہوسکتی ہے۔ وہ باپ جس نے ہمیں خلق کیا ہے۔ وہ ہم سے محبت کرتا ہے۔ ہمارا انتظار کرتا ہے۔ وہ ہمارے قریب آتا ہے۔ اے باپ میں تجھے پیار کرتا ہوں۔ تیرا شکر کرتا ہوں۔ میں خود کو تیرے حوالے کرتا ہوں۔

ارمیا 28-23:7 مزمور 94

## مقدس لوقا 23-14:11

**اگر میں خُدا کی قدرت سے بدروحوں کو نکالتا ہوں تو بے شک خُدا کی بادشاہی تمہارے پاس آ پہنچی ہے۔ مقدس لوقا 20:11**

جب یسوعؔ بدروحوں کو نکل جانے کا حکم دیتا تھا۔ تو وہ اُس کی مانتی تھیں۔ یسوعؔ واقعی باپ کی بادشاہی لے کر آتا ہے۔ وہ اس طرح ہمارے لئے جینا ممکن بناتا ہے کہ وہ ہم پر حکومت کرسکے اور ہماری زندگی میں رہنمائی کرسکے۔ اور باپ ہمیشہ محبت میں، رفاقت میں اور ہم پر اپنے روح میں ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ جیسا کہ ہم نے اشعیا نبی کی پہلی تلاوت سے سنا ہے۔ اُس کا عمل ہمارے لئے خوشی ہے۔ اور یہی اس کا مقصد ہے۔

اے پیارے یسوعؔ، میری طرف اپنی انگلی بڑھا اور مجھے رہائی بخش۔

## عیدِ بشارت

اشعیا 7:10-14 مزمور 39

عبرانیوں 10:4-10 مقدس لوقا 1:26-39

### اے مرؔیم نہ ڈر۔ مقدس لوقا 1:30

مقدسہ مرؔیم کو ڈر نہیں لگ رہا تھا۔ مگر وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی پھر اُس نے خُداوند پر بھروسہ رکھنے کا فیصلہ کرلیا اور اُس نے اُس خوف پر قابو پایا۔ جو کئی بار ہم پر غالب آ جاتا ہےَ۔ یعنی اپنے آپ کو فضل کے حوالے کرنے کا خوف، خُدا کی آزاد محبت کا خوف، اس کے بجائے ہم اپنے آپ پر اعتماد کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اَے مقدسہ ماں مرؔیم تیرا شکر ہو۔ تو پوری انسانیت کی نجات کے شروع میں خوف زدہ نہیں ہوئیں اور ہاں کہی۔

ہوشیع 6:1-6
مزمور 50

## مقدس لوقا 9:18-14

**آؤ ہم عرفان حاصل کریں۔ہم عرفانِ خُداوند میں ترقی کریں۔ہوشیع 3:6**

اے یسوعؑ تیرا کلام اَور پاک ساکرامنٹ جو اپنی کلیسیا کو سونپے ہیں۔یہ باپ کے بارے میں ایک نیا ادراک دیتے اَور الٰہی زندگی گزارنے میں مدد دیتے ہیں۔یہ ایسی زندگی ہے جو صرف محبت اور تحفہ ہےَ۔ باپ کا ادراک کسی بھی مشاہدے سے زیادہ خوشنما ہے۔یہ مشکل ضرور ہوسکتی ہےَ ۔ یہ دل کی لگن کو روک نہیں سکتی۔اے پیارے یسوعؑ ہم ان پاک ایام میں تجھے جاننا چاہتے ہیں۔

تکوین 12-10,9:5 مزمور 33

2 قرنتیوں 21-17:5 مقدس لوقا 32-11,3-1:15

**اے باپ میں نے آسمان کا اَور تیری نظر میں گناہ کیا ہے؟ مقدس لوقا 18:15**

یہی وہ الفاظ ہیں جو خُدا باپ دُعا، روزوں اَور سخات کے ان پاک ایام میں ہم میں سے ہر ایک سے سننے کا منتظر ہے۔ انہی الفاظ کو روح القدس ہمارے دل میں ڈالے گا اَور ہم جان لیں گے کہ ہمیں کہاں جانا ہے۔ خُدا باپ ہمیں اپنے پیارے بیٹے کے خون کے ساتھ ڈھانپ لے گا۔ پھر وہ ہمیں گلے لگائے گا اَور چومے گا۔

اشعیا 65:17-21　　　　مزمور 29

مقدس یوحنا 4:43-54

## جب تک کرشمے اَور کرامتیں نہ دیکھو تم ہرگز ایمان نہیں لاتے۔

مقدس یوحنا 4:48

اے یسوعؔ آج روزمرہ کی محنت مشقت، اپنے ساتھ رہنے والوں کے ساتھ تعلقات، اَور دردِسر جو تھوڑی دیر پہلے ہو رہا تھا الغرض ہر شے معمول کے مطابق ہے۔ لیکن میں تجھ پر ایمان لانا چاہتا ہوں۔ میں تیری حضوری میں اَور بھی رہنا چاہتا ہوں۔ میں تیرے روح کے ساتھ جو محبت ہے تجھ میں رہنا چاہتا ہوں۔ میں پہلے ہی سے جانتا ہوں کہ میں ابدی زندگی میں ہوں۔ اے پیارے یسوعؔ میں تیرا شکر کرتا ہوں۔ تو نے پہلے ہی سے میرے لئے بہت کچھ کیا اَور ہر چیز مجھے مہیا کی ہے۔

حزقیال 47:1-9 12　　مزمور 45

مقدس یوحنا 5:1-16

## کیا تو تندرست ہونا چاہتا ہے؟ مقدس یوحنا 5:6

اے پیارے یسوعؔ جس طرح اگلے روز تو نے بزاؔتا کے لنگڑے پر نگاہ کی۔ آج تو مجھ پر نگاہ ڈال۔ تُو میری کمزوری کو جانتا ہے اَور مجھ سے کہتا ہے ''کیا تو تندرست ہونا چاہتا ہے؟'' جی ہاں۔ اے یسوعؔ میں چاہتا ہوں کہ میری زندگی آسمانی باپ کے فرزند جیسی ہو جائے۔ میں مفلوج نہ رہوں بلکہ مضبوط ہو جاؤں۔ تیرا شکر ہو کہ تو نے مجھے تندرست کر دیا ہےَ۔

اشعیا 49:8-15 مزمور 144

مقدس یوحنا 5:17-30

## جو بیٹے کی عزت نہیں کرتا وہ باپ کی بھی عزت نہیں کرتا۔ مقدس یوحنا 5:23

عجائبات کا کمال پاک تثلیث میں زندگی ہے۔ باپ اور بیٹا ایک دوسرے کو دیتے ہوئے، ایک دوسرے میں خوشی تلاش کرتے ہوئے، اور روح القدس خدمتگار ہے جو محبت کے تبادلے کا ایک آلہ کار ہے۔ جو ہر خاندان کے لئے زندگی کا اور ہر مسیحی کے لئے محبت کا منبع ہے۔

خروج 32:7-14

مزمور 105

## مقدس یوحنا 5:31-47

## تم اُس کے بھیجے ہوئے کا یقین نہیں کرتے۔ مقدس یوحنا 5:38

یسوع اُن یہودیوں سے بات کرتے ہیں جنھوں نے باپ کے بھیجے ہوئے کو تسلیم نہ کیا۔ جلد ہی وہ اُن سے کہے گا'' پھر بھی تم زندگی پانے کے لئے میرے پاس آنا پسند نہیں کرتے ؟''یسوع جو کچھ بھی کرتا یا کہتا ہے۔ اَور اُس کی باتیں اَور معجزات اُس کی اپنی عزت کے لئے نہیں بلکہ ہمارے ایمان کو بڑھانے کے لئے ہیں۔ میرا اُس پر بھروسہ رکھنے سے اُس کو کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ بلکہ اُس پر ایمان لانے سے مجھے خود زندگی ملتی ہے۔ وہ صرف میری اِس بات کی جستجو کرتا ہے جو میرے لئے اچھی ہے۔ وہ مجھ سے پیار کرتا ہے۔ اَے پیارے یسوع میں تیری محبت پر یقین رکھتا ہوں۔ میں تجھ پر اَور تیرے اَور اپنے باپ پر ایمان رکھتا ہوں۔